حجۃ الاسلام والمسلمین طاہری گرگانی کی رحلت پر رہبر معظم کاتعزیتی پیغام- 30 /Dec/ 2007

حجۃ الاسلام والمسلمین حاج سید حبیب اللہ طاہری گرگانی کی رحلت پر رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے ۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خدمت گذار عالم ربانی حجۃ الاسلام والمسلمین آقای حاج سید حبیب اللہ طاہری گرگانی کی دردناک رحلت پر گرگان کے مؤمن عوام ، مرحوم کے دوستوں ، ارادتمندوں اور خاندان والوں کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں ۔ اس جلیل القدر عالم دین نے انقلاب اسلامی کی کامیابی سے قبل اور بعد، انقلاب کے لئے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ ان کا مختلف عہدوں بالخصوص خبرگان کونسل میں متعدد بار منتخب ہو کر خدمات انجام دینا اس خدمتگذار عالم دین کے معنوی ذخائر میں شامل ہے ۔ خداوند مرحوم کو ان کی بہترین خدمات پر اجر و پاداش عطا فرمائے۔

پروردگارمتعال کی بارگاہ سے مرحوم کی روح کے لئے بخشش و مغفرت اور انکے لواحقین کے لئے صبر و اجر طلب کرتا ہوں ۔

والسلام علیکم

سید علی خامنہ ای

19 /10 1386

مطابق

30/12/2007